© rasailojaraid.com



وہ اس وقت مسلمانوں کو اسی طرح سیکھنے ہوں گے جس طرح ایک زمانہ میں یہی علوم یورپ نے مسلمانوں سے سیکھے تھے۔

بہرحال پروفیسر موصوف نے جو کچھ لکھا ہے بڑے غور و خوض کے بعد کامل ہمدردی کے ساتھ لکھا ہے اس لئے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے۔

**(۱) اسباق النحو حصہ اول صفحات ۵۶**
**(۲) اسباق النحو حصہ دوم صفحات ۴۷**
} از مولانا حمید الدین فراہیؒ تقطیع متوسط کتابت وطباعت بہتر قیمت ہر ایک حصہ کی ۱۲ر

پتہ:۔ دائرۂ حمیدیہ۔ مدرسۃ الاصلاح۔ سرائے میر۔ اعظم گڈھ۔

مولانا فراہیؒ عربی زبان اور اُس کے متعلقہ فنون کے نامور محقق اور مبصر تھے اور اُن کا تفسیری ذوق بھی درحقیقت اسی کے ماتحت تھا۔ انھوں نے عربی زبان کے مبتدی طلبا کے لئے نحو پر جدید اور آسان طرز میں ایک کتاب دو حصّوں میں لکھی تھی۔ جن میں سے پہلے حصّہ میں اسم اور جمیع متعلقات سے اور دوسرے میں فعل سے بحث ہے۔ عربی زبان میں النحو الواضح جس طرز پر ہے اُسی پر یہ کتاب ہے اور اس لئے ہندوستان کے عربی خواں بچوں اور بچیوں کے لئے اُس کی فائدہ رسانی میں شبہ نہیں ہو سکتا۔ زیر تبصرہ حصے اُسی رسالہ کا نیا اڈیشن ہیں جو کافی اہتمام سے شائع کئے گئے ہیں عربی مدارس اور اسکولوں کو ابتدائی جماعتوں کے نصاب میں اس کو شامل کرکے فائدہ اُٹھانا چاہئے۔

## نعتِ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

ہندوستان کے مشہور و مقبول شاعر بہزاد لکھنوی کے نعتیہ کلام کا دل پذیر مجموعہ ہے جسے مکتبۂ برہان نے تمام ظاہری دل آویزیوں کے ساتھ بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے جن حضرات کو آل انڈیا ریڈیو سے ان نعتوں کے سننے کا موقعہ ملا ہے وہ اس مجموعہ کی پاکیزگی اور لطافت کا اچھی طرح اندازہ کر سکتے ہیں قیمت ۱۲ر

© rasailojaraid.com